جلد ۳۰ | نمبر ۴۵

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ ماہ جمادی الاول ۱۳۴۷ھ مطابق ۵ ماہ نومبر ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت ٹھیکہ میدہ۔	۱
۲	رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب پرنسز ہاؤس ہولڈ۔	۲
۳	[illegible]	۲
۴	[illegible]	۲
۵	رخصت نائب تحصیلدار سوار۔	۲
۶	تبادلہ مدرس مدرسہ [illegible]۔	۳
۷	[illegible] نائب مدرس [illegible]۔	۳
۸	توسیع مدت ملازمت مدرس مدرسہ [illegible]۔	۴
۹	[illegible] محرر دفتر [illegible]۔	۴
۱۰	[illegible]	۴
۱۱	رخصت سیکرٹری [illegible] صاحب	۴
۱۲	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ٹھیکہ میدہ

۱۱ ماہ اکتوبر ۱۹۲۸ء

مسدودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ دربارہ منظوری ٹھیکہ میدہ بحساب فی روپیہ چار سیر تیرہ چھٹانک مصارف باورچیخانہ ہندوستانی بنام موتی رام ابتداء جون ۱۹۲۸ء لغایت مئی ۱۹۲۹ء بشرائط سابقہ۔

حکم

ٹھیکہ مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرای احکام واپس ہوں

بائی آرڈر دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر۔

رخصت

۲۵ ماہ اکتوبر ۱۹۲۸ء

محمد محمود علیخان سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ کی رخصت ایک ماہ دس یوم منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں مولوی قاسم علی افسر آڈٹ اور میجر فضل احمد خان اے ڈی سی پرنسز کوٹھی پر مامور کئے جائیں۔ ایک ایک نقل اس حکم کی صاحب فائنل سکریٹری بہادر و صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء

دفعہ ۲۲۸ آئین عامہ میں رد و بدل شرح لگان یا قسم لگان میں اور اضافہ و تخفیف لگان بلا رجسٹری دستاویز کرنے کی ممانعت کی گئی ہے لیکن اکثر دیکھا گیا ہے کہ مستاجر اسکی خلاف ورزی کرتے ہیں - اس صورت میں علاوہ نقصان لگان کے سرکاری مالگذاری کے فیس رجسٹری میں نقصان ہوتا ہے - لہذا حسب تحریک صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم ہے کہ

اگر کوئی مستاجر رد و بدل شرح لگان یا قسم لگان میں کریگا یا لگان میں اضافہ و تخفیف کریگا اور اسکی دستاویز رجسٹری نہ کرائیگا تو اسپر بوجہ بچانے فیس رجسٹری کے علاوہ کارروائی دفعہ ۲۲۹ آئین عامہ کے بابت نقصان فیس رجسٹری ایسی رقم بطور تاوان لیجائیگی جو اُس رقم سے دو چند ہوگی جو بصورت رجسٹری دستاویزات فیس رجسٹری کے لیے وصول کیجاتی - عہدہ داران مال کو لازم ہوگا کہ جب یہ معلوم ہو کہ دفعہ ۲۲۸ آئین عامہ کے خلاف ورزی کی گئی ہے تو تاوان فیس رجسٹری کی رقم وصول کر کے آمدنی فیس رجسٹری میں اُس تحصیل کے خزانہ میں سیاہہ کرا دیں جس سے وہ متعلق ہو اور تاوان فیس رجسٹری کے متعلق اگر کسی صورت میں کسی امر کی بابت استصواب کی ضرورت ہو تو صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے استصواب کیا جائے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ء

مثل رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر دربارہ تاکید تحفظ فیس تاوان رجسٹری بوقت ظہور خلاف ورزی دفعہ ۲۲۸ آئین عامہ بعہدہ داران مال بمنشاء حکم ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء مجریہ اجلاس ہمایون مرسلہ جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر ہمراہ مثل نمبری ۲۲ سیاہہ و شرح ۱۲/۱ منفصلہ ۲۹ر اپریل سنہ ۱۹۲۵ء و مثل ۶ سیاہہ و شرح ۱۲/۱ منفصلہ ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء صیغہ گاہات برآمدہ محافظ خانہ صدر پیش ہو کر ملاحظہ ہوئی - عرضداشت ۹ر مارچ سنہ ۱۹۱۸ء مشمولہ مثل ۲۳/۱۲ منظور شدہ ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء اجلاس ہمایون دفعہ ۲۲۹ آئین عامہ میں عبارت علاوہ آمد اضافہ لگان وغیرہ کے الفاظ مثل ایزاد ہوئے - بعد اجرائے احکام جسکی اشاعت گزٹ مطبوعہ ۱۵ر ستمبر ۱۹۲۴ء نمبر ۵ جلد ۳۶ میں ہو چکی ہے اسی سلسلہ مثل ۲۳/۱۲ میں بتاریخ ۶ر نومبر ۱۹۲۴ء بقایمی روبکار جداگانہ بذریعہ مثل ۲۳/۱۲ اجلاس ہمایون سے خلاف ورزی دفعہ ۲۲۸ آئین عامہ کی بابت یہ طے ہو کر اجرائے احکام ہو چکا ہے جسکی اشاعت گزٹ میں بھی ہوئی ہے کہ عہدہ داران مال کو لازم ہوگا کہ فیس رجسٹری کا دو چند بطور تاوان مستاجر سے وصول کر کے بمد آمدنی فیس رجسٹری تحصیل متعلق کے خزانہ میں سیاہہ کیا کرینگے - بخیال تحفظ آمدنی فیس رجسٹری بشمول نقل حکم ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء اجلاس ہمایون جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نے تحریک فرمائی ہے کہ عہدہ داران مال کو حسب منشاء حکم پابندی کے لئے احکام دیدیے جائیں - لہذا

حکم ہوا کہ

تاکیداً بغرض پابندی ایک ایک نقل حکم بذریعہ نقل حکم ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء جملہ تحصیلدار صاحبان و حاکم صاحب صدر و صاحب مہتمم بندوبست کے پاس مرسل ہو - اور لکھا جائے کہ اپنے ماتحتان کو کافی طور پر ہدایت کر دیں کہ منشاء حکم کی پابندی کے ساتھ تعمیل کیجائے - اگر غفلت پائی گئی تو تدارک مناسب کیا جائیگا - اور صاحب مہتمم بندوبست کو یہ بھی لکھا جائے کہ بمنشاء دفعہ ۲۲۹ آئین عامہ خلاف ورزی دفعہ ۲۲۸ کی بنا پر سزا تجویز کر کے رپورٹ بغرض منظوری بھیجی جائے تو اُسمیں علاوہ جرمانہ تاوان فیس رجسٹری کی رقم بھی بمنشاء حکم جدا کر کے دکھائی جایا کرے تاکہ اسقدر رقم مستاجر سے وصول ہو کر سیاہہ بمد آمدنی فیس رجسٹری ہوتی رہے - ایک نقل حکم ہذا کی معہ نقل روبکار ۶ر نومبر سنہ ۱۹۲۴ء مجریہ اجلاس ہمایون بغرض آگاہی عام برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو - بعد اجرائے احکام کاغذات پیش ہوں - تاکہ چلتے پھرتے نقشہ سالانہ کا جہاں جہاں درج تبدیلی ہے اور اُس روز کی رجسٹری و عدم رجسٹری کا ذکر کسی قانون میں نہیں آیا ہے اسی سلسلہ میں طے کرنے کی بابت اجلاس ہمایون میں عرضداشت پیش کیجائے -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۲۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار معہ رائے حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم منشی مصطفےٰ حسین خانصاحب نائب تحصیلدار سوار بضرورت جانے بمقام نینی تال و نیز تحصیل وصول بقیہ واقع انگریزی از یوم استفادہ -

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت مطلوبہ پندرہ یوم نائب تحصیلدار سوار منظور ہے ایام رخصت میں منشی محمد حسین خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل سے تحصیل سوار میں بجگہ کام انجام دیں - احکام جاری ہوں - نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو -

کو منشی محمد حسین خان کو فوراً تحصیل سوار روانہ کیا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - سید احمد بخش مدرس مدرسہ [illegible] تحصیل بلاسپور تنخواہ دار تیرہ روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ [illegible] پرگنہ حضور تحصیل میں کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۸ اکتوبر ۱۹۲۸ء

سید چھوٹے نائب مدرس مدرسہ [illegible] پرگنہ سوار بوجہ خرابی کام و غیر حاضری ۲۴ ستمبر ۱۹۲۸ء سے برخاست کیا گیا - بجائے نامبردہ [illegible] ۹ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے کام کر رہا ہے - لہذا اسکا تقرر ۹ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے بمشاہرہ گیارہ روپیہ ماہوار امتحاناً برائے [illegible] کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۹ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - سید عیسیٰ [illegible] مدرس مدرسہ [illegible] تحصیل ملک کی ملازمت غیر مستقل میں ۲۱ نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۹ اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ پانچ روپیہ اضافہ سید محبوب احمد محرر دفتر میڈیکل ڈپارٹمنٹ۔

حکم

محبوب احمد محرر دفتر میڈیکل ڈپارٹمنٹ بالفعل تیرہ روپیہ تنخواہ پا رہا ہے [illegible] تنخواہ میں اضافہ فرمانا ہے - حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب [illegible] تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیر

تبادلہ

۳۱ اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثل تحریر [illegible] انجنیر صاحب تعمیرات خاص باغ [illegible] منشی شوکت علی سب اوورسیر شعبہ تعمیرات خاص باغ بجائے منشی عزیز احمد خان سب اوورسیر حلقہ بلاسپور و منشی عزیز احمد خان مذکور بجائے منشی شوکت علی مستور بوجہ علالت منشی شوکت علی۔

حکم

حسب رپورٹ انجنیر صاحب تعمیرات منشی شوکت علی سب اوورسیر خاص باغ اور منشی عزیز احمد خان سب اوورسیر بلاسپور کا باہمی تبادلہ منظور ہے - ہر دو سب اوورسیران اپنی موجودہ تنخواہیں بدستور پائینگے - صدر سے بمراجعت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثل درخواست رخصت ۱۵ یوم محمد احمد خان [illegible] انسپکٹر [illegible] من [illegible] ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء لغایت ۶ نومبر ۱۹۲۸ء بغرض علاج [illegible]

حکم

رخصت ۱۵ یوم بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے - اصل بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو - ذریعہ نقل حکم انچارج [illegible] انجنیر صاحب کو اطلاع دیدیجائے -

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ چہارم ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ ۱۵، ۱۵، ۵		۵ ۱۵ ، ۱۵			۵ ۰ ۵	
نخود خالص	۵ ۱۰، ۱۶		۱۶			۵ ۰ ۵	
نخود کسہ امیز	۲ ۱۰ ۲		۲ ۰ ۲			۲ ۲	
کسہ	۲ ۱۰ ۲		۲ ۲			۲ ۱۰ ۲	
ماش	۵		۵			۵	
مونگ	۴ ۰ ۴		۰			۴	
مکا	۸ ۱۰ ۸		۸			۲	
جئی	۲		۰			۹	
نخود جئی	۲ ۱۰ ۲		۰			۸	
عدس	۱۲ ۵		۰			۵	
ارہر	۷ ۰ ۷		۰			۲۰ ۲	
برنج	۴ ۱۲ ۱۰ ۴		۵			۵	
روغن زرد	۱۰		۲ چھٹانک			۱۰ ۱۰	
روغن سیاہ	۱۰۰		۱			۱۰۰	
روغن کنجد	۱۰۰		۱			۲۲	
نمک سانبھر	۱۲		۱۲			۱۲	
نمک لاہوری	۶		۶			۸	
قند سیاہ	۳		۵			۳	
باجرہ	۲۷		۰			۱۰	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی جولائی لغایت ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد – مسلمان	مرد – ہنود	عورت – مسلمان	عورت – ہنود	میزان	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے کم – مرد	ایک سال سے کم – عورت	۱ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	۱ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	۱۲ سال سے زیادہ – مرد	۱۲ سال سے زیادہ – عورت	میزان – مرد	میزان – عورت	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل امراض – [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اوسط شرح اموات فی ہزار	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۰	۲۰	۴۵	۲۳	۱۹۰	۱۳۱	۵۳	۴۲	۴۵	۲	۰	۲۰	۵۲	۱۴۸	۹۷	۱۴۵	۵۰	۵۱	۳	-	۲۰۶	۰	۰	۰	۲۲۵	
[illegible]	۳۰	۰	۳۴	۹	۱۱۸	۱۰۱	۱۸	۴۹	۲۲	-	۴	۳۳	۳۵	۱۰۴	۹۵	۱۵۹	۲۰	۲	۱	۹۸	۱۳	۰	۰	۰	۱۷۹	
[illegible]	۵۳	۳۳	۲۲	۳۲	۱۹۵	۱۰۰	۹۵	۱۲	۱۳	۳	۳	۳۶	۱۵	۴۵	۳۴	۳۴	۳۰	-	۰	۷۶	-	۱	۰	۰	۷۷	
عظیم نگر	۶۲	۷۴	۴۹	۳۹	۲۰۳	۱۱۱	۹۳	۲۲	۱۳	۴	۲	۲۱	۱۵	۴۷	۳۰	۴۴	۳۵	-	۰	۴۲	۵	-	۰	۰	۷۷	
شاہ آباد	۴۱	۱۳۱	۷۰	۱۵۲	۳۹۳	۱۰۱	۲۹۳	۳۶	۲۲	۲	۳	۲۶	۲۵	۸۱	۵۴	۳۸	۹۸	۱	۰	-	۱۳۲	۲	-	۰	۱۳۵	
پٹوائی	۲۶	۱۳۵	۲۰	۱۶	۳۰۱	۵۸	۲۴۳	۱۳	۱۲	۱	۲	۱۸	۲۴	۳۳	۴۱	۱۲	۹۰	۱	۰	-	۲۸	۱	۴	۰	۴۲	
ملک	۱۹	۲۳۲	۴۸	۱۰۵	۴۸۶	۶۹	۴۱۷	۴۶	۳۵	۵	۲	۴۹	۴۰	۱۰۰	۷۷	۲۷	۱۳۰	۰	۰	۰	۱۵۹	۵	۰	۰	۱۹۷	
بلاسپور	۴۲	۳۰	۴۲	۲۵	۲۱۳	۱۰۸	۱۰۵	۳۰	۲۸	۲	۹	۴۱	۲۵	۴۶	۵۹	۶۴	۶۲	۰	-	۱۲۲	-	۴	-	۰	۱۲۶	
کیمری	۵۲	۹۸	۳۸	۴۳	۲۵۲	۹۴	۱۶۲	۳۰	۸	۲	۱	۳۳	۲۵	۵۵	۳۴	۳۲	۵۵	-	-	-	۸۵	۴	۰	۰	۸۹	
سوار	۳۴	۳۸	۲۳	۱۰	۱۰۴	۵۹	۴۸	۸	۱۰	۳	۳	۹	۱۰	۲۰	۲۳	۳۵	۱۸	۰	۰	۰	۲۲۱	۰	۰	۰	۴۳	
ٹانڈہ	۴۸	۷۱	۵۵	۴۹	۲۵۳	۱۳۳	۱۲۰	۳	۲۰	۴	۳	۲۹	۳۰	۴۵	۴۱	۷۵	۵۱	۰	۰	-	۱۳۲	۳	-	-	۱۲۶	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	